انسان کے دل میں اگر خدمتِ خلق کا جذبہ ہوتو وسائل کی کمی اس کے آگے نہیں آسکتی انسان کا عزم اگر پختہ ہوتو اپنے راستے تلاش کرہی لیتا ہے

حاجی فاضل حسین ایک رکشہ ڈرائیور ہے۔جس نے اپنے رکشہ کوایک چھوٹی سی ایمبولینس بنا رکھا ہے۔جو کسی بھی زخمی ،ایمرجنسی کی صورت میں یا بیمار کوہسپتال پہنچانے کے کام آتا ہے۔اور یہ کام بالکل فری کیا جاتا ہے۔اس رکشہ میں ابتدائی طبی امداد کا سامان بھی رکھا ہوا ہے تا کہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر کسی کی مدد کرسکیں۔حاجی فاضل حسین نے اپنے رکشے میں چندہ باکس بھی بنا رکھا ہے جہاں مخیرّ حضرات ان کی مالی مدد کرتے ہیں۔ان پیسوں سے وہ غریب اور نادار لوگوں کے کفن دفن کا انتظام کرتے ہیں۔

حاجی فاضل حسین کا کہنا ہے کہ رکشہ اُن کی آمدن کا واحد ذریعہ ہے مگر وہ روزی روٹی کمانے کے ساتھ ساتھ رب کوراضی کرنے اور خدمتِ خلق کرنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

وہ کہتے ہیں کہ مجھے وسائل کی کمی کا سامنا ضرور ہے لیکن میں پُرامید ہوں اور مستقبل میں اس کام کو جاری رکھوں گا۔